DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i2.2204

# جوناتھن براؤن کے مطالعۂ حدیث کا جائزہ

مطیع الرحمن ۞
مبشر حسین ۞

# A Review of Jonathan Brown's Study of Hadith

Moti ur Rahman ۞
Mubasher Hussain ۞

**ABSTRACT:** Many non-Muslim Western scholars have conducted scholarly research on Hadith and have authored numerous books. However, the notable difference between their work and that of Dr. Jonathan A.C. Brown is that Brown refutes longstanding doubts and misconceptions of Western culture. He works on the scientific foundations related to Hadith, to the extent that he stands out among contemporary Western scholars as one of the foremost defenders of Hadith. The focus of this article is to highlight the notable characteristics of his research methodology particularly in the study of Hadith. Dr. Jonathan Brown has made significant contributions in the Western world to the field of Hadith. He critically examines various theories put forward by Orientalists regarding Hadith and meticulously conducts his research, encompassing a wealth of information, covering all aspects of his subjects, and deriving logical conclusions in an organized manner.
**Key Words:** Jonathan Brown, Weak Hadith, Fabricated hadith, Orientalism, Islamic sources, Hadith and Sunnah

**Summary of the Article**

One prominent name among the Western researchers of the present era is Dr. Jonathan Brown, who embraced Islam at the age of twenty in 1997. You are a professor of Islamic Civilization at Georgetown University, USA. You are also the Research Director at the Yaqeen Institute. In 2006, you obtained a doctoral degree in Islamic thought from the University of Chicago. Dr. Brown has

۞ اسسٹنٹ پروفیسر، صدر شعبہ اسلامیات، اسلام آباد ماڈل کالج برائے طلبا، جی-الیون/ون، اسلام آباد۔
۞ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونی ورسٹی، لاہور۔
۞ Assistant Professor, Head Department of Islamic Studies, Islamabad Modal Collage for Boys, G-11/1, Islamabad.
۞ Associate Professor, Sheikh Zayed Islamic Centre, University of the Punjab, Lahore (mubasher.szic@pu.edu.pk)

traveled to Egypt, Syria, Turkey, Morocco, Saudi Arabia, Yemen, South Africa, India, Indonesia, and Iran for education and research purposes. You have conducted research on Hadith, Islamic law, Sufism, Arabic linguistic theory, and pre-Islamic poetry, and have authored several books and research articles. In addition to English, you are knowledgeable in Arabic, Persian, German, French, and Latin languages. You provide well-reasoned and scholarly responses to contemporary anti-Islamic propaganda.

Furthermore, many non-Muslim Western scholars have conducted scholarly research on Hadith and have authored numerous books. However, the notable difference between their work and that of Dr. Jonathan Brown is that Brown refutes longstanding doubts and misconceptions of Western culture. He works on the scientific foundations related to Hadith, to the extent that he stands out among contemporary Western scholars as one of the foremost defenders of Hadith and the noble Prophet Muhammad ﷺ. Non-Muslims often raise suspicions about matters related to the Islamic message, the character of the Prophet Muhammad ﷺ, or doubts about the authenticity of the Hadith literature preserved by Muslims. Brown has skillfully identified and provided well-reasoned responses to cultural biases that seek to denigrate Islam. For example, he addresses the Western notion that Islam is a violent religion or that it promotes sexual misconduct (misconceptions about the concept of "houris" and others). He also responds to objections regarding the marriage of the noble Prophet ﷺ to Syedah Aisha (may Allah be pleased with her).

Dr. Brown's perspective on Hadith is unique among Western scholars because he approaches the study of Hadith in a novel and distinct manner. Most studies on Hadith in the Western world revolve around scholars such as Goldziher and Schacht, who are at the forefront of Hadith research, but they have denied the status of Hadith. Some Western thinkers have attempted to refute objections to Hadith and the noble Prophet, but they consider these traditions merely as historical narratives and are not inclined to attribute the level of importance given by Eastern Muslim scholars to Hadith. Brown's approach to the study of Hadith differs significantly from other Western scholars, and in this regard, he has presented his exceptional book "Misquoting Muhammad," where he extensively elaborates on the examination and verification of the statements and texts of early Muslim scholars and their significant contributions to the authenticity and research of Hadith.

Western scholars who have worked on Islamic studies primarily attempt to create an impact by highlighting that there are many fabricated traditions within the collection of Hadiths. Muslims have also included unreliable traditions alongside authentic ones in their books, which has cast doubt about the reliability of other authentic traditions. Muslims stance on the principles and history of Hadith, which has been consistent since the beginning, is not given much attention by most Orientalists, nor do they give importance to the meticulous literary tradition of Hadith among Muslims. It is true that in Islam, it is never permissible to attribute false statements to Prophet Muhammad (peace

and blessin be upon him). However, many people have attempted to discredit the collection of Hadiths by attributing false statements to him. A lesser-known Sufi sage, Termezi, presented a theory in his book "Nawadir al-Usul fi Ahadith al-Rasul" that goes against the majority of scholars. According to this theory, even if a statement aligns with the truth or reality, it can be attributed to you (peace be upon him) even if you did not say it. This theory is based on a fabricated Hadith.

Dr. Brown has examined this issue in the article titled "Even If It's Not True, It's True" and, contrary to Western thinkers who deny the authenticity of weak Hadiths altogether, he adopts a balanced and scholarly approach to explain the position of Ahl al-Sunnah regarding weak Hadiths. He has emphasized that Muslims have always been aware of such Hadiths throughout history, and scholars have cautioned and alerted people about such traditions. Through a comprehensive study of Hadith issues, Brown has demonstrated that many Sunni Muslim scholars have rejected weak Hadiths, which means they hold no legal or practical significance.

Dr. Brown has taken the example of the Hadith collection of Jame' al-Tirmidhi to provide practical clarification on the stance of scholars regarding weak Hadiths. He considers it permissible to include weak Hadiths in certain sections and discusses the proportion of weak Hadiths in different categories. According to his research, the proportion of weak (ghareeb) Hadiths varies in different sections. For example, in sections related to legal rulings (ahkam), such as Zakat (charity) at 17%, fasting at 17%, and inheritance at 7%, the proportion is relatively low. However, in sections other than legal rulings, such as tribulations at 35%, virtues at 52%, supplications at 50%, and etiquettes at 27%, the proportion of weak Hadiths is higher. This analysis clearly demonstrates that the proportion of weak Hadiths is lower in sections related to legal rulings and higher in other sections.

Dr. Brown states that due to the leniency in criticizing Hadiths related to virtues, actions, exhortations, and admonitions, preachers have been allowed to narrate various fascinating and colorful traditions that can attract the general public.

In this article, a discussion takes place with prominent Western Muslim scholars who have excelled in the study of Hadith in America. The aim is to highlight the notable characteristics of their research methodology in Islamic sciences in general and particularly in the study of Hadith. It is obvious that it is difficult for Western Muslim scholars to defend and promote the status and understanding of Islam and Hadith. Dr. Jonathan Brown has made significant contributions in the Western world to the field of Hadith and Hadith studies. He critically examines various theories put forward by Orientalists regarding Hadith and meticulously conducts his research, encompassing a treasure of information, covering all aspects of his subjects, and deriving logical conclusions in an organized manner.

## تمہید

بعض مغربی مفکرین حدیث کے متعلق تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے ذخیرۂ احادیث کو فرضی ، جعلی ، من گھڑت اور پیغمبر اسلام اور آپ ﷺ کے عہد سے متعلق معلومات کا ایسا ماخذ قرار دیتے ہیں جو نا قابل اعتبار ہے ، تو دوسری طرف کچھ منصفانہ اور غیر متعصبانہ مزاج رکھنے والے مغربی مفکرین بھی ہیں جنھوں نے اپنی تحقیق میں معتدل موقف اپنایا اور حقیقت حال کا برملا اظہار کیا۔ انھی میں ایک نام نابیہ ایبٹ کا ہے جس کی تحقیق کا خلاصہ یہ ہے کہ گولڈ زیہر اور شاخت کا 'وضع حدیث' (Hadith Fabrication) کا نظریہ سراسر غلط ہے۔ اس کا کہنا یہ ہے کہ جو مستشرقین ہجرت کے زمانے کے بعد احادیث کی کثرت کو بنیاد بناتے ہوئے یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ مدنی دور کے دس سالوں میں لاکھوں احادیث کا وجود ایک ناممکن امر ہے تو اس کا جواب ہے کہ احادیث کی زیادہ تعداد کا سبب متن کی زیادہ تعداد نہیں ، بلکہ روایات کی زیادہ تعداد ہے۔ اسی طرح ٹی بی آرنلڈ (T.B. Arnold) کی کتاب *The Preaching of Islam* اور Stanley Lane Poole کی کتاب *Saladin* کو بھی کسی حد تک ہم منصفانہ کہہ سکتے ہیں۔ ڈاکٹر اسپرنگر (Springer) بھی ایک مغربی محقق ہیں جنھوں نے علامہ ابن حجر عسقلانی کی کتاب **الإصابه في تمييز الصحابة** کی ادارت کی اور اس پر انگریزی زبان میں ایک عالمانہ مقدمہ تحریر کیا۔

بعض مغربی مرد وخواتین دانش وروں نے غور و خوض اور تحقیق کے بعد اسلام قبول کیا اور مختلف طریقوں سے اس دین کی خدمت کی۔ مثلاً: عبدالاحد داؤد (یعنی ڈیوڈ بنجمن کیلڈانی)، جو سابق رومن کیتھولک مبلغ تھے، عبدالاحد عمر (یعنی گیری ملر)، جو کمیٹی آن ریلیشنز ود پبلک ایسوسی ایشنز کے سابق مبلغ اور منتظم تھے، امینہ اسلمی، جو مسیحیت کو چھوڑ کر اسلام قبول کر چکی ہیں اور اب وہ دانش ور اور انٹرنیشنل یونین آف مسلم ویمن کی ڈائریکٹر ہیں۔ محمد عبدالرحمن بارکر، جو اردو کے پروفیسر ہیں اور جامعہ منیسوٹا کے شعبہ جنوب ایشیائی تعلیمات کے سابق سربراہ ہیں، خالد یاسین، جو ایک امریکی سابق مسیحی ہیں اور اب وہ اسلامی ٹیچنگ انسٹی ٹیوٹ (آئی ٹی آئی) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہیں، اور عبدالحکیم مراد (یعنی ٹموتھی جے ونٹر) جو جامعہ کیمبرج میں مطالعۂ اسلام کے لیکچرار ہیں۔

عصر حاضر کے مغربی محققین میں ایک نمایاں نام نو مسلم جوناتھن براؤن کا ہے، آپ نے بیس سال کی عمر میں ۱۹۹۷ء میں اسلام قبول کیا۔ آپ جارج ٹاؤن یونی ورسٹی امریکہ، شعبہ تہذیب اسلامی کے پروفیسر ہیں۔ آپ یقین انسٹی ٹیوٹ کے ریسرچ ڈائریکٹر بھی ہیں۔ آپ نے سن ۲۰۰۶ء میں شکاگو یونی ورسٹی سے اسلامی فکر میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ ڈاکٹر براؤن تعلیم و تحقیق کے لیے مصر، شام، ترکی، مراکش، سعودی عرب، یمن، جنوبی افریقہ، ہندوستان، انڈونیشیا اور ایران میں گئے۔ آپ نے حدیث، اسلامی قانون، تصوف، عربی لغوی نظریہ

اور قبل از اسلام شاعری پر تحقیقی کام کیا اور کئی کتب اور تحقیقی مقالے تصنیف کیے۔ آپ انگریزی کے علاوہ عربی، فارسی، جرمن، فرانسیسی اور لاطینی زبانیں جانتے ہیں۔ آپ عصر حاضر میں اسلام مخالف پراپیگنڈے کا بڑے مدلل اور علمی انداز میں جواب دیتے ہیں۔

## سابقہ کام کا جائزہ

ڈاکٹر براؤن کی علمی خدمات کے حوالے سے صرف ایک مقالہ عربی زبان میں (علماء الحديث "المسلمون الغربيون المعاصرون" ومنهجهم في بحث المسائل الحديثية Brown Cleveland Andrew Jonathan والعمل بالحديث الضعيف أنموذجا") نماء محمد البنا کا ہے جو جامعہ اردن کے مجلے **دراسات علوم الشريعة والقانون**، میں ۲۰۱۹ء میں شائع ہوا۔

## اسلوب تحقیق

اس مقالے میں ڈاکٹر براؤن کی حدیث نبوی کے سلسلے میں علمی و تحقیقی کاوشوں کا تنقیدی و تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔ اس تحقیق میں ڈاکٹر جوناتھن براؤن کی تصانیف، آڈیو وڈیو لیکچرز سے استفادہ کیا گیا ہے۔

## ڈاکٹر جوناتھن براؤن کا تعارف[1]

براؤن ۹/ اگست ۱۹۷۷ء کو واشنگٹن ڈی سی میں پیدا ہوئے۔ ان کا نام ان کے والد، جوناتھن براؤن کے نام پر رکھا گیا تھا۔ ان کا خاندان اسقفی عیسائی تھا۔ ان کی پرورش ایک انگلیائی (انگلستان کے گرجا کے کارکن) کی حیثیت سے ہوئی۔ انھوں نے ۱۹۹۷ء میں اسلام قبول کیا۔ براؤن نے ۲۰۰۰ء میں واشنگٹن، ڈی سی کی جارج ٹاؤن یونی ورسٹی سے تاریخ میں بیچلر آف آرٹس کی سند حاصل کی، امریکی قاہرہ یونی ورسٹی میں سنٹر فار عربی اسٹڈی میں ایک سال عربی کی تعلیم حاصل کی، اور ۲۰۰۶ء میں شکاگو یونی ورسٹی سے اسلامی فکر میں ڈاکٹریٹ کی سند حاصل کی۔ ڈاکٹر براؤن نے تعلیم و تحقیق کے لیے مصر، شام، ترکی، مراکش، سعودی عرب، یمن، جنوبی افریقہ، ہندوستان، انڈونیشیا اور ایران جیسے ممالک کا سفر کیا۔ ۲۰۰۶ء سے ۲۰۱۰ء تک انھوں نے سیئٹل کی واشنگٹن یونی ورسٹی میں قریب کی مشرقی زبانوں اور تہذیب کے شعبے میں تعلیم دی اور ۲۰۱۰ء کے بعد سے جارج ٹاؤن یونی ورسٹی میں

---

1– Jonathan AC Brown/Curriculum Vitae online ,Accessed on, 24/11/21, Time: 4 pm https://georgetown.academia.edu/

اسکول آف فارن سروس میں اسلامی علوم اور مسلم عیسائی مفاہمت میں اسسٹنٹ پروفیسر ہیں۔ انھوں نے حدیث، اسلامی قانون، تصوف، عربی لغوی نظریہ اور قبل از اسلامی شاعری پر لکھا ہے۔ اس وقت وہ اسلامی تہذیب میں جعل سازی کی تاریخ اور تاریخی تنقید اور اسلامی فکر میں متأخر سنی روایت اور سلفیت کے مابین جدید تنازعات پر توجہ دے رہے ہیں۔

## جوناتھن براؤن کا مطالعۂ حدیث

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے اقوال و افعال اسلامی مذہب اور ثقافت کو سمجھنے کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ قرآن مجید اسلامی شریعت کا پہلا مصدر رہے اور یہ ایک اصولی کتاب ہے جس کا کام اصول وکلیات بیان کرنا ہے؛ جب کہ ان کی جزئیات وتفصیلات ہمیں نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی احادیث سے ملتی ہیں اور یہ دین اسلام کی کسی بھی بات تک پہنچنے کا واحد ذریعہ ہیں حتیٰ کہ قرآن مجید تک رسائی بھی احادیث کے ذریعے ہی ملتی ہے۔ اگرچہ فقہی آرا کے بارے میں مسلمانوں میں مختلف نقطۂ ہائے نظر رہے ہیں، مگر کسی نے حدیث کی اہمیت اور اس کے اسلامی قانون میں بنیادی ماخذ ہونے کا انکار نہیں کیا۔ مغرب میں احیاے علوم اور نشاتِ ثانیہ کی تحریک کے نتیجے میں مختلف علوم کی تدوین عمل میں آئی۔ مغرب کے کئی فضلا اور اہلِ علم نے علومِ اسلامیہ اور مشرقی فنون کا بڑی باریک بینی سے مطالعہ کیا اور اس کی تحقیق میں اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔ پچھلی دو صدیوں میں انھوں نے قرآن مجید، احادیث، سیرت، اسلامی تمدن و ثقافت اسلامی معاشرہ اور اسلامی حکومتوں کی تاریخ پر اپنے انداز سے کام کیا اور اس طرح انگریزی، فرانسیسی، جرمن اور دیگر معروف یورپی زبانوں میں اسلام کا ایک ایسا تصور سامنے آیا جسے اسلام کی یورپین تعبیر قرار دیا جا سکتا ہے اور جس کے نتیجے میں اسلام کے بارے میں بالعموم اور حدیث کی حجیت اور اس کی استنادی حیثیت کے بارے بالخصوص شکوک وشبہات بھی پیدا کیے گئے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کی تحقیق کا اسلامی دنیا کو فائدہ بھی ہوا کہ بہت سے نایاب اور قیمتی مخطوطات شائع ہو کر لائبریریوں سے نکل کر اہل علم کے ہاتھوں میں پہنچے۔

بہت سے مغربی غیر مسلم علمانے حدیث پر علمی و تحقیقی کام کیا اور متعدد کتب بھی تصنیف کیں، لیکن ان کے کام اور براؤن کے کام میں نمایاں فرق یہ ہے کہ براؤن مغربی ثقافت کے دیرینہ شکوک و شبہات کا ابطال کرتے ہیں۔ وہ حدیث کے حوالے سے معروضی سائنسی بنیادوں پر کام کرتے ہیں حتی کہ موجودہ دور کے مغربی علما میں حدیث اور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے مدافعین میں سب سے ممتاز نام انھی کا ہے۔ غیر مسلم زیادہ تر ان امور کی نشان دہی کرتے ہیں جو اسلامی پیغام، رسول کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی شخصیت یا جو ذخیرۂ حدیث مسلمانوں کے پاس ہے، کے بارے میں

شکوک و شبہات پر مشتمل ہوتے ہیں ۔ براؤن نے بڑے عمدہ طریقے سے اسلام کی مذمت میں کام کرنے والے ثقافتی تعصبات کی نشان دہی کی ہے اور مدلل انداز سے ان اعتراضات کا جواب دیا ہے؛ مثلاً اسلام کے بارے میں یہ مغربی سوچ کہ یہ ایک تشدد پسند (جہادی) دین ہے اور اس میں جنسی بے راہ روی (بہتر حوروں وغیرہ کا تصور) ہے اور اسی طرح نبی کریم ﷺ کی سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے شادی پر اعتراض کہ آپ کی عمر پچاس کے قریب تھی؛ جب کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی عمر تقریباً دس سال تھی اور اسلامی شرعی سزاؤں مثلاً سنگ ساری وغیرہ پر اعتراضات کے جوابات دیے ہیں۔

## حدیث کے بارے میں براؤن کا نقطۂ نظر

مغربی علما میں براؤن کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ انھوں نے حدیث کا مطالعہ ایک نئے انداز سے کیا ہے جو کہ دوسرے لوگوں سے منفرد ہے۔ مغرب میں حدیث کے حوالے سے بیش تر مطالعات گولڈزیہر اور شاخت ہی کی فکر کے گرد گھومتے ہیں؛ کیوں کہ مغربی دنیا میں یہ دونوں حدیث پر کام کرنے والوں میں سر فہرست ہیں، لیکن انھوں نے حدیث کی حیثیت کا سرے سے انکار کیا ہے۔ بعض مغربی مفکرین نے گولڈزیہر اور شاخت کا حدیث اور نبی کریم پر اعتراضات کا رد بھی کیا ہے تاہم وہ ان احادیث کو محض تاریخ روایات سمجھتے ہیں اور ان احادیث کو وہ درجہ دینے کے لیے تیار نہیں جو درجہ مشرقی مسلمان علما حدیث کو دیتے ہیں۔ براؤن نے حدیث کے مطالعے کے حوالے سے جو انداز اپنایا ہے وہ دوسرے مغربی اہل علم سے یکسر مختلف اور جدا ہے۔ اس سلسلے میں انھوں نے اپنی ممتاز کتاب *Misquoting: Muhammad The Challenge and Choices of Interpreting the Prophet's Legacy* پیش کی جس میں ابتدائی دور کے مسلمان علما کی اقوال و نصوص کی جانچ پڑتال اور صحت و تحقیق کے حوالے سے کی جانے والی گراں قدر خدمات کو تفصیلاً بیان کیا۔

## شرعی حدود کے بارے میں موقف

شرعی حدود کے بارے اہل مغرب کے رویے کو بیان کرتے ہوئے براؤن لکھتے ہیں:

مغرب میں عام طور پر، صرف سنگ ساری اور ہاتھ کاٹنے جیسی سزاوں کو ہی اسلام کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔ اس طرح کے تصورات ہماری ثقافت میں مختلف فلمی ٹریلر کے ذریعے داخل کیے جاتے ہیں جیسے Robin Hood Prince of Thieves (1991) اور دوسری تفریحی فلمیں جو براہ راست ٹی وی سے نشر کی جاتی ہیں جیسے Escape, Human Cargo (1998), اور اسی طرح فلم "اگر آپ ان کے قواعد کے ساتھ زندہ نہیں رہتے ہیں تو، آپ ان کے ہاتھوں مر جائیں گے۔" کے ٹریلر میں اور یہ اس کی بہترین مثال ہے کہ کس طرح ہمارا معاشرہ مستقل طور پر اسلام اور

اس کی قانونی روایات کو شریعت کے نام سے غلط انداز سے سمجھتا ہے۔ سنگ سار کرنا اور ہاتھ کاٹنا اگرچہ شریعت کی خصوصیات ہیں، لیکن ان کے حقیقی کردار کے بارے میں اصل آگاہی صرف اس وقت حاصل ہو گی جب دور ماضی کا مطالعہ اور مکمل جانچ پڑتال کی جائے گی اور یہ جانا جائے کہ عام طور پر شریعت کا خود ان قوانین کے بارے کیا میں تصور ہے اور تب ہی ہم ان شدید مالی اور جسمانی سزاؤں کو سمجھ سکتے ہیں جنھیں حدود کہتے ہیں۔ (۲)

اسلامی تاریخ میں ان حدود کی تطبیق کے حوالے سے رقم طراز ہیں:

"سنگ سار کرنا اور ہاتھ کا کاٹنا شریعت کا ایک چھوٹا سا حصہ ہے جو تقریبا نہ ہونے کے برابر ہے، پھر بھی یہ ستم ظریفی ہے کہ ان کی شہرت ہر جگہ پھیلی ہوئی ہے اور زبان زد عام ہے۔" مزید لکھتے ہیں: "فقہی اصولوں کو عملی طور پر نافذ کرنے والے مسلمان قاضیوں نے رسول کریم ﷺ کے فرمان سے یہی سمجھا ہے کہ شبہات کی موجودگی میں حدود پر عمل درآمد نہیں ہو گا اور یہی منشاء خداوندی بھی ہے، اور تمام شواہد بتاتے ہیں کہ حدود شاذ و نادر ہی نافذ ہوئے ہیں۔" (۳)

## حدیث کی حجیت کے بارے میں براؤن کا موقف

نبی اکرم ﷺ کے اقوال و افعال اسلامی مذہب اور ثقافت کو سمجھنے کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ قرآن مجید اسلامی شریعت کا پہلا مصدر ہے اور یہ ایک اصولی کتاب ہے جس کا کام اصول و کلیات بیان کرنا ہے؛ جب کہ اس کی جزئیات و تفصیلات ہمیں نبی کریم ﷺ کی احادیث سے ملتی ہیں اور یہ دین اسلام کی کسی بھی بات تک پہنچنے کا واحد ذریعہ ہیں حتی کہ قرآن مجید تک رسائی بھی احادیث کے ذریعے ہی ملتی ہے۔ اگرچہ فقہی آرا کے بارے میں مسلمانوں میں مختلف نقطہ ہائے نظر رہے ہیں، لیکن حدیث کی حجیت اور اسلامی قانون میں اس کے بنیادی اور اہم ماخذ ہونے کی حیثیت کا انکار کسی نے نہیں کیا۔

مغرب میں احیاے علوم اور نشاتِ ثانیہ کی تحریک کے نتیجے میں مختلف علوم کی تدوین عمل میں آئی۔ مغرب کے کئی فضلا اور اہل علم نے علومِ اسلامیہ اور مشرقی فنون کا بڑی باریک بینی سے مطالعہ کیا اور اس کی تحقیق میں اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔ پچھلی دو صدیوں میں انھوں نے قرآن مجید، احادیث، سیرت، اسلامی تمدن و ثقافت اسلامی معاشرہ اور اسلامی حکومتوں کی تاریخ پر اپنے انداز سے کام کیا اور اس طرح انگریزی، فرانسیسی،

---

2– Dr. Jonathan Brown, online ,Accessed on, 24/11/21, Time: 4:30 pm https://yaqeeninstitute.org/team/jonathan-brown

3– Dr. Jonathan Brown, online ,Accessed on, 24/11/21, Time: 4:40 pm https://yaqeeninstitute.org/jonathan-brown

جرمن اور دیگر معروف یورپی زبانوں میں اسلام کا ایک ایسا تصور سامنے آیا جسے اسلام کی یورپین تعبیر قرار دیا جاسکتا ہے اور جس کے نتیجے میں اسلام کے بارے میں بالعموم اور حدیث کی حجیت اور اس کی استنادی حیثیت کے بارے بالخصوص شکوک وشبہات بھی پیدا کیے گئے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کی تحقیق کا اسلامی دنیا کو فائدہ بھی ہوا کہ بہت سے نایاب اور قیمتی مخطوطات شائع ہو کر لائبریریوں سے نکل کر اہل علم کے ہاتھوں میں پہنچے۔ براؤن کہتے ہیں:

> میں اپنی زندگی کی تاریخ میں کبھی بھی کسی سے اس قدر متأثر نہیں ہوا جتنا مسلمان علماے حدیث سے ہوا۔ میرا مطلب ہے جب میں نے پہلی بار حدیث کی تعلیم حاصل کرنا شروع کی تھی تو میں بہت شکی تھا، میں سمجھتا تھا کہ یہ سب کچھ بناوٹی اور جعلی ہے، لیکن جتنا زیادہ آپ اس کا مطالعہ کرتے آپ ان لوگوں کی دماغی طاقت کی زیادہ قدر کرنے لگ جاتے ہیں، میرا مطلب ہے کہ انھوں نے ہزاروں کتابیں حفظ کیں اور پھر وہ ان کتابوں میں سے حدیث کے تمام مختلف ورژن یاد کرنے میں کام یاب ہوگئے، اور پھر وہ ان کا تجزیہ کرنے میں کام یاب ہوگئے اور ان سب کو ایک ساتھ ملایا اور یہ معلوم کیا کہ کہاں وہ سب ملتے ہیں اور ان احادیث کی صداقت کے بارے میں فیصلے کرتے ہیں۔ میرا مطلب ہے کہ آج کل الیکٹرانک ڈیٹا بیس، اور کمپیوٹرز اور ورڈ پروسیسنگ کے ہوتے ہوئے بھی مجھے حدیث کے بارے میں ان کے مباحثوں کے حوالے سے سخت مشکل پیش آرہی ہے۔ یہ تقریباناقابل یقین ہے، اور اگر آپ کے سامنے وہ کتابیں نہ ہوتیں جو انھوں نے لکھی ہیں، تو میں ذاتی طور پر اس پر یقین کبھی نہ کرتا۔[۴]

## ضعیف احادیث کے بارے میں موقف

مغربی علما جو اسلامی علوم سے متعلق کام کرتے ہیں، ان کی زیادہ تر کوشش یہی رہتی ہے کہ وہ ظاہر کریں کہ ذخیرۂ حدیث میں بہت سی جعلی حدیثیں بھی وجود میں آئیں تھیں، اور مسلمانوں نے صحیح حدیثوں کے ساتھ منسلک جعلی حدیثوں کو بھی کتابوں میں درج کیا، جس سے دوسری صحیح حدیثوں کی اعتباری حیثیت بھی مشکوک ہوگئی۔ اسلامی حدیث کے اصول اور تاریخِ حدیث پر مسلمانوں کا روایتی موقف ہر دور میں موجود رہا ہے، مگر بہت کم مستشرقین اس پر توجہ دیتے ہیں، اور حدیث کے متعلق مسلمانوں کے چودہ سوسالہ ادب کو اہمیت نہیں دیتے۔ یہ بات صحیح ہے کہ اسلام میں نبی کریم ﷺ کی طرف جھوٹی باتیں منسوب کرنے کی قطعا اجازت نہیں ہے، لیکن بہت سے لوگوں نے من گھڑت باتوں کو آپ ﷺ کی طرف منسوب کرکے ذخیرۂ احادیث کو غیر معتبر بنانے کی مذموم کوشش کی ہے۔ ایک غیر معروف صوفی الحکیم ترمذی نے اپنی کتاب **نوادر الأصول في أحاديث**

---

4– A Brief History of Ḥadīth Collection And Criticism: A Lecture By Dr. Jonathan Brown, online, Accessed on, 24/11/21, Time: 4:50 pm https://www.islamic-awareness.org/hadith/brown

**الرسول ﷺ** میں جمہور علما سے ہٹ کر ایک نظریہ پیش کیا جس کے مطابق حقیقت یا سچائی کی کوئی بات اگرچہ آپ ﷺ نے نہ بھی کہی ہو تو بھی اسے آپ ﷺ کی طرف منسوب کیا جا سکتا ہے اور اس نظریے کی بنیاد ایک من گھڑت حدیث پر رکھی گئی(إذا حُدِّثتم عني بحديث يوافق الحقَ فصدِّقوه وخذوا به حَدَّثْتُ به أو لم أحدِّث) براؤن نے اپنے مقالے "Even If It's Not True It's True" میں اس بات کا تحقیقی جائزہ لیا ہے اور ضعیف احادیث کے حوالے سے عام مغربی مفکرین کے برعکس جو سرے سے تمام احادیث کی صحت کا انکار کرتے ہیں، بڑا متوازن اور علمی انداز اپناتے ہوئے اہل سنت مسلمانوں کی ضعیف احادیث کے بارے میں موقف کی وضاحت کی ہے اور بتایا کہ ہر زمانے میں مسلمانوں نے اس قسم کی حدیثوں کو جانا اور سمجھا ہے اور علما نے لوگوں کو ان احادیث کی **معلومات** فراہم کر کے انھیں اس کے بارے میں آگاہ کیا ہے اور انھیں ان حدیثوں سے بچنے کی ترغیب دی ہے۔ براؤن حدیث کے مسائل کا بڑی گہرائی سے مطالعہ کر کے یہ ثابت کرتے ہیں کہ بہت سے سنی مسلمان علما نے ضعیف احادیث کو یکسر مسترد کر دیا ہے کہ نہ تو ان پر عمل ہو گا اور نہ ہی شرعی احکام کا انحصار ہو گا۔ آپ لکھتے ہیں:

ونحن نرى أن ممارسة قبول الأحاديث الضعيفة لم تكن مقبولة بشكل موحد من قبل الجميع. وقد تنازع عليها عبر القرون عدد من كبار العلماء المسلمين الذين شعروا بعدم توافقها مع الالتزام الأساسي بأصالة النص. ولم تكن غالبية علماء السنة الذين تبنوا الاستخدام الانتقائي للأحاديث الضعيفة غافلين عن تناقضاتها الأيديولوجية. لقد فهموا أن الحجج مطلوبة للتوفيق بين استخدام الأحاديث غير الموثوقة والقيم الشاملة للفكر الإسلامي.[۵]

انھوں نے اپنے اس مقالے میں تیسری صدی سے لے کر آج تک کے سنی مکاتب فکر کے مختلف علما کا ضعیف اور من گھڑت احادیث کے بارے میں موقف کا جائزہ لیا ہے۔ احادیث یا خبروں کو نقل کرنے میں اسانید کا اہتمام اس امت کی خصوصیت ہے جو دیگر امتوں میں نہیں پائی جاتی، علما محدثین اسی خبر پر اعتماد کرتے تھے جس کی سند موجود ہو، براؤن اس بارے میں امام ابن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل کرتے کہ تین قسم کی کتابیں **مغازی، ملاحم** اور **تفاسیر** ناقابل اعتماد ہیں اور اس قول کی وضاحت میں خطیب بغدادی اور امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے لکھتے ہیں

5– Brown , J.A.C, Even If It's Not True It's True: Using Unreliable Hadiths in Sunni Islam. (BRILL: Islamic Law and Society, 2011). 3.

کہ ان تین قسم کی کتابوں کے ناقابل اعتماد ہونے کی وجہ اسناد کا اصل نہ ہونا یا سرے سے ہی نہ ہونا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ اگر ہم نعیم بن حماد کی کتاب الفتن کو کھولیں تو اس کا بہت سا مواد عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ اور عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی طرف بلا سند منسوب ہے۔ اسی طرح بہت سی قدیم کتب تفاسیر میں عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ اور مجاہد کی طرف اقوال بلا اسناد پائے جاتے ہیں۔

ابن حنبل بیان کرتے ہیں:

تین قسم کی کتابوں کی کوئی بنیاد نہیں ہے (جو پیغمبر کی روایتوں کے طور پر ہوں): پیغمبر کے جنگوں اور ابتدائی فتوحات پر مبنی کام (مغازی)، احوال قیامت کی روایات (ملاحم)، اور قرآنی تفاسیر (تفسیر)۔ یہاں "بنیاد" کا مطلب مبہم ہے، لیکن بعد میں علما نے جیسے الخطیب البغدادی (وفات ۴۶۳/۱۰۷۱) اور ابن تیمیہ (وفات ۷۲۸/۱۳۲۸) اس بیان کو اس طرح سمجھا کہ ان تینوں انواع میں زیادہ تر روایات کی سند و پیغمبر تک نہیں پہنچتیں، اگر ہم نعیم بن حماد (وفات ۲۲۸/۸۴۲) کی کتاب الفتن جیسی کتاب کھولیں تو ہمیں یہ ملتا ہے کہ اس کا زیادہ تر روایات کو صحابی عبد اللہ بن سلام، عبد اللہ بن عمر بن العاص یا اسلام کے ابتدائی یہودی مذہبی چھوڑ کر اسلام قبول کرنے والے کعب الاحبار (وفات تقریباً ۳۲/۶۵۲) سے منسلک کیا گیا ہے۔ اسی طرح، ابتدائی تفسیر کی زیادہ تر روایات میں ابن عباس (وفات ۶۸/۶۸۷-۸) یا مجاہد بن جبر (وفات ۱۰۴/۷۲۲) جیسے قدیم علما کے اقوال شامل ہیں۔[۶]

ضعیف حدیث کے استعمال کے بارے میں عبد الرحمن ابن مہدی اور امام احمد بن حنبل کے موقف کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ وہ فضائل اعمال، ترغیب و ترہیب، قصص وغیرہ میں ضعیف حدیث پر عمل کے قائل تھے؛ جب کہ موضوع حدیث یا ایسی حدیث جس میں کسی راوی کا جھوٹا ہونا ثابت ہو، محدثین کے ہاں کسی طور پر بھی قابل قبول نہیں تھی۔

تیسری اور چوتھی صدی کے سنی حدیث کے ناقدین اور فقہا نے آداب (ادب، رقائق) یا نصیحت آمیز (ترغیب) اور خوف (ترہیب) جیسے موضوعات کے لیے مستندیت کے تقاضوں میں نرمی کی وکالت کی۔ ایک صنف جس میں بہت زیادہ اجازت دی گئی وہ اعمال کی فضیلت (فضائل اعمال) تھی، یا اس کی وضاحت کہ آخرت میں بعض اعمال کے لیے کس قسم کے اجر یا عذاب دیا جائے گا۔[۷]

---

6– Brown , J.A.C, *Even If It's Not True It's True: Using Unreliable Hadiths in Sunni Islam* (BRILL: Islamic Law and Society, 2011).6.

7 – Brown , J.A.C, *Even If It's Not True It's True: Using Unreliable Hadiths in Sunni Islam* (BRILL: Islamic Law and Society, 2011).7.

امام احمد بن حنبل اور امام ابو داؤد کے بارے میں لکھتے ہیں کہ ان کے نزدیک ضعیف حدیث (با اعتبار سند) قوی الرائے اور قیاس سے بہتر ہے وہ ایسی حدیث کو قبول کر لیتے تھے، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا قول بھی نقل کیا ہے حرام و حلال کے معاملے میں ہم اسناد کو بہت سنجیدگی سے دیکھتے ہیں، جب کہ ترغیب و ترہیب کے موضوعات میں ہم اسناد میں نرمی برتتے ہیں، اسی طرح امام ثوری کا ضعیف حدیث کے بارے میں موقف بھی درج کیا ہے "کہ حلال و حرام کے معاملے میں بڑے ائمہ کے سوا کسی اور کی روایات قبول نہ کرو اور اگر اس کے علاوہ معاملات ہوں تو ان مشہور علما کے علاوہ دوسرے چھوٹے مشائخ سے بھی حدیث قبول کر لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔"

براؤن نے ضعیف احادیث کے بارے میں محدثین کے موقف کی عملی وضاحت کے لیے بہ طور مثال **جامع ترمذی** کی احادیث کا جائزہ لیا اور اس تناسب کا ذکر کیا کہ احکام میں کس قدر ضعیف احادیث ہیں اور دوسرے ابواب مثلاً ترغیب و ترہیب، مناقب، آداب وغیرہ میں ضعیف احادیث کا تناسب کیا ہے۔ چناں چہ ان کی تحقیق کے مطابق ضعیف (غریب) احادیث کا تناسب مختلف ابواب میں کچھ اس طرح ہے: احکام سے متعلقہ ابواب مثلاً زکاۃ ۱۷/ فی صد، صوم ۱۷/ فی صد، وراثت ۷/ فی صد ہے اور احکام کے علاوہ ابواب مثلاً فتن ۳۵/ فی صد، مناقب ۵۲/ فی صد، دعوات ۵۰/ فی صد، آداب ۲۷/ فی صد۔ اس جائزے سے یہ بات بہ خوبی عیاں ہوتی ہے کہ ضعیف احادیث کا تناسب احکام والے ابواب میں کم جب کہ دوسرے ابواب میں زیادہ ہے۔ براؤن کہتے ہیں کہ فضائل اعمال اور ترغیب و ترہیب سے متعلقہ احادیث پر تنقید کرنے میں نرمی کی وجہ سے واعظین کو اس بات کی اجازت مل گئی کہ وہ مختلف قسم کی ایسی رنگارنگ اور دل کش روایات بیان کر سکیں جو عوام الناس کو اپنی طرف راغب کر سکیں۔ یہاں براؤن نے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے ایک قول کا ذکر کیا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ایسے واعظین جو ضعیف اور بے بنیاد روایات بیان کرتے ہیں، ان کے اس عمل کو فائدہ مند سمجھتے تھے اور انھوں نے حوالہ ابو طالب المکی کی کتاب **قوت القلوب** کا دیا ہے۔

> An appreciation for such pedagogical utililty is clear in Ibn Ḥanbal's remark about popular preachers in general: "How useful they are to the masses, even if the mass of what they narrate is untrue ("Mā anfaahum lil-ʿāmma wa in kāna ʿāmmat mā yuḥaddithūn bihi kadhiban"; Abū Ṭālib al-Makkī, Qūt al-qulūb, 2 vols. in 1 (Cairo: Maṭbaʿat al-Anwār al-Muḥammadiyya, [n.d.]), 1:151.)

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول سے یہ ہرگز مراد نہیں کہ وہ ایسے قصہ گو واعظین کی تائید کر رہے

ہیں، بلکہ در اصل وہ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ایسے لوگ اگرچہ جھوٹی روایات بیان کرتے ہیں لیکن لوگوں میں مقبول ہیں۔

براؤن امام نووی کے حوالے سے ذکر کرتے ہیں کہ وہ احکام میں بھی ضعیف احادیث قبول کرنے کے قائل تھے اور دلیل کے طور پر ان کی کتاب **الأذکار** کا حوالہ دیتے ہیں۔

دل چسپ بات یہ ہے کہ النووی نے ایک نیا نظریہ بھی متعارف کرایا ہے کہ کوئی ضعیف احادیث پر عمل کر سکتا ہے حتیٰ کہ شرعی مسائل پر بھی؛ اس عمل کی وجہ یہ ہے کہ یہ عمل غیر معمولی اطاعت کی ذاتی خواہش سے ہوتا ہے۔ "اگر اس میں احتیاط برتی جا رہی ہو۔" مثال کے طور پر، اگر کوئی ضعیف حدیث بعض قسم کی خرید و فروخت یا شادی کی حوصلہ شکنی کرتی ہے، تو تقویٰ کی بنا پر ان میں مشغول ہونے سے پرہیز کیا جا سکتا ہے۔[۸]

اس بات کی طرف نشان دہی کرتے ہیں کہ بعد کے دور کے حنفی علما کے ہاں ضعیف حدیث کے مطابق کیے ہوئے عمل کے لیے مستحب کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے۔

ضعیف احادیث کے بارے میں سنی علما کے موقف کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اپنی حتمی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ: یہ بات اہم ہے کہ کسی سنی عالم نے کسی بھی حالت میں ایسی حدیث، جس کے بارے میں اسے معلوم ہو کہ وہ من گھڑت ہے، کے استعمال کی اجازت ہرگز نہیں دی۔[۹]

براؤن نے اسلام کے ابتدائی دور کے حوالے سے مغربی مطالعے کی درجہ بندی کی ہے اور اس کے چار مختلف نقطہ ہائے نظر بیان کیے ہیں،[۱۰] جس میں پہلا نقطۂ نظر رکھنے والوں کو مستشرق نقطۂ نظر کا نام دیا ہے جس کے تحت وہ اولین مستشرقین کا تذکرہ کرتے ہیں جنھوں نے قانونی اور تاریخی دستاویز پر تاریخی تنقیدی طریقۂ کار کے مطابق عمل درآمد کیا اور اسی طرح کچھ بعد کے مستشرقین جیسے جوزف شاخت اور گوٹیئر ایچ اے جون بول۔ دوسرا نقطۂ نظر ترمیمی نقطۂ نظر (Revisionist Approach) ہے جو ۱۹۷۰ء کی دہائی کے آخر میں نمودار ہوا اور اس کی نمائندگی جان وانسبرو اور ان کے طلبہ مائیکل کک اور پیٹریشیا کرون نے کی ہے، جنھوں نے اسلامی تاریخ کے ابتدائی دور کی تشکیل نو کے لیے حدیث کے استعمال کو یکسر مسترد کر دیا۔ ڈاکٹر براؤن نے ترمیم پسندوں

8– Brown Jonathan Andrew Cleveland, *Even If It's Not True It's True,* 12.

9– Ibid., 15.

10– Brown, A. C Jonathan Andrew Cleveland., *Hadith: Muhammad's Legacy in the Medieval and Modern World* (Oxford: 2009), 204.

(Revisionists) کے شدید قسم کے شکوک و شبہات کو تشخیص نو (Revaluation Period) کے دور جو کہ ۱۹۸۰ء کی دہائی میں شروع ہوتا ہے کا رد عمل قرار دیا ہے اور اس نظریے کے حامی علما مثلاً ڈیویڈ پاور، فریڈ ڈونر اور ہیر یلڈ موتزکی کا اس سلسلے میں ذکر کیا ہے۔ وہ اس امر کا اظہار بھی کرتے ہیں کہ ان علما کو یہ احساس ہوا ہے کہ اسلامی حدیث کی علمی کام یابی پہلے نقطۂ نظر کے حامل مفکرین کے قیاس سے کہیں زیادہ ترقی یافتہ ہے۔ موتزکی کا حدیث کے ساتھ تقریباً ویسا ہی تعامل ہے جیسا کہ مسلمان ماہرین حدیث کا ہے۔[11] اکثر مستشرقین کا محدثین پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ انھوں نے نقد حدیث کے معاملے میں صرف سند پر اکتفا کیا ہے اور متن کو اپنے دائرۂ نقد میں شامل نہیں کیا۔

ان معترضین میں سر فہرست گولڈ زیہر ہے بہ قول براؤن:

> Since the landmark contributions of Goldziher, Western scholars of Islam have generally accepted his conclusion that early Muslim ḥadīth critics looked only at the isnād and not the matn of ḥadīths to discern their authenticity[12].

براؤن نے اپنے مقالے میں اس اعتراض کا جائزہ لیا ہے اور بہت سی مثالوں سے واضح کیا کہ محدثین نے بہت سی ایسی حدیثوں کو موضوع قرار دیا ہے جن کی سندیں اگرچہ درست ہیں، لیکن ان کے متن میں ایسے نقائص پائے جاتے ہیں جو ان کو قبول کرنے سے مانع ہیں۔ اس حوالے سے رقم طراز ہیں:

> Indeed, the fifteen examples provided here from established texts of the 3rd/9th and 4th/10th century disprove the extreme claim of Goldziher and others….. the examples indicate that al-Bukhārī, Muslim, al-Fasawī, al-Jūzajānī, Ibn Khuzayma and Ibn Ḥibbān were able and willing to practice content criticism. In their work we see a sensitivity to historical anachronism, logical impossibility, limits of 'thinkable thought' and a rejection of material that contradicts what they 'knew' to be historically, dogmatically and legally true[13].

---

11– Ibid., 226.

12– Brown Jonathan Andrew Cleveland, *How We Know Early Ḥadīth Critics Did Matn Criticism and Why It's So Hard to Find* ( Islamic Law and Society Brill 2008), 182.

13– Ibid., 183.

براؤن نے احادیث کے حوالے سے مغربی علما کی خدمات کا بہ غور مطالعہ کیا اور ان کے شبہات کا اپنے تحقیقی مقالوں میں ناقدانہ جائزہ لیا۔ مستشرقین کا روایتی طریقہ نقد حدیث پر بنیادی اعتراض یہ ہے کہ اس کا تعلق صرف اسناد کے ساتھ ہے؛ جب کہ نقد متن کے لیے کوئی اہتمام نہیں کیا گیا، گولڈ زیہر کے الفاظ میں:

> The judgment of the value of the contents depend on the judgment of the correctness of the isnād….. An impossible sentence full of inner and outer contradictions is appended withstands the scrutiny of this formal criticism, if the continuity of the entirely trustworthy authors cited in them is complete and if the possibility of their personal communication is established, the tradition is accepted as worthy of credit ….. Muslim critics have no feeling for even the crudest anachronisms provided that the isnād is correct.(14)

گولڈ زیہر کی طرف سے یہ مغالطہ دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ محدثین صرف اور صرف سند حدیث کی طرف توجہ دیتے تھے؛ جب کہ متن کے حقیقی یا تاریخی طور پر درست ہونے سے متعلق انھیں کوئی سروکار نہیں تھا اور گولڈ زیہر کے نقش قدم پر چلتے ہوئے جوزف شاخت نے بھی اسی نقطۂ نظر کو آگے بڑھایا، اس کے خیال میں سلسلۂ سند میں کی جانے والی کاوش سے بہت سی من گھڑت روایتوں کی نشان دہی ممکن ہے، لیکن اس کے باوجود ذخیرۂ احادیث میں بے شمار غیر صحیح احادیث موجود ہیں؛ کیوں کہ روایتی طریقہ ان جعلی احادیث کو معلوم کرنے اور ختم کرنے میں ناکام رہتا ہے جن میں اکثر باہم متضاد مواد موجود ہوتا ہے۔ شاخت کے بہ قول:

> The criticism of traditions as practiced by Muhammadan scholars was invariably restricted to a purely formal criticism of isnād.(15)

براؤن نے اپنے مقالے میں ابتدائی دور کے ناقدین کی نقد متن کے حوالے سے پندرہ مثالیں پیش کی ہیں جن سے اس شبہے کا رد ہوتا ہے کہ محدثین کی کاوشوں کا محور صرف اسناد تھا۔ ۱۲ مثالوں کا تعلق تیسری صدی کے ائمہ محدثین بخاری، مسلم، یعقوب بن سفیان الفسوی اور ابو اسحاق ابراہیم بن یعقوب بن اسحاق السعدی الجوزجانی

---

14– Goldziher, *I. Muslim Studies* (Chicago Aldine Atherton: SUNY Press), 140.

15– Schacht, Joseph, *The origins of Muhammadan jurisprudence* (Oxford: The Clarendon Press,1950), 3.

کے ساتھ جب کہ تین مثالیں چوتھی صدی کے ائمہ محمد بن اسحاق بن خزیمہ اور محمد بن حبان البستی سے ہے۔ [۱۶] براؤن نے اپنی تحقیق میں اس بات کو ثابت کیا کہ ابتدائی دور کے مسلمان علما سند کے ساتھ ساتھ متن کا بھی تنقیدی جائزہ لیتے تھے۔ محدثین کے ہاں شاذ اور علت کی اصطلاحات نقد متن ہی کے لیے استعمال ہوتی تھیں۔ براؤن نے نہ صرف سابقہ؛ مستشرقین کے خیالات کا ناقدانہ جائزہ لیا ہے بلکہ عصر حاضر میں احادیث کے حوالے سے کیے گئے اعتراضات کا جواب بھی اپنی کتاب *Misquoting Muhammad The Challenge and Choices of Interpreting the Prophet's Legacy* میں مدلل اور علمی انداز سے دیا ہے۔ اس کتاب کا بنیادی خیال عام طور پر متن کی مرکزیت اور خاص طور پر اسلامی ذہن خواہ سنی ہو یا غیر سنی میں سنت کی بنیاد پر ہے، اور اس بات کی وضاحت کی ہے کہ متن کو سمجھنے میں تاریخ کے اثر ورسوخ، خواہ قدیم ہو یا جدید کا بھی بہت اہم کردار ہے اور ان عوامل کی وجہ سے متن کے بارے میں متعدد حل، جوابات، ترجمانی اور تاویلیں پیدا ہوتی ہیں۔ براؤن احادیث رسول بنیادی مصادر سے ذکر کرنے کے بعد جہاں بڑے بڑے ائمہ فقہا اور محدثین مثلا امام ابو حنیفہ امام شافعی، امام مالک، امام احمد، البیہقی، الطحاوی، ابن الجوزی، عز بن عبد السلام، ابن تیمیہ، اور ان کے بعد ابن حجر اور سیوطی کی آرا کا ذکر کرتے ہیں، وہیں بعد کے ادوار کے علما مثلا شاہ ولی اللہ، محمد بن عبد الوہاب، محمد عبدہ، الکوثری، شاکر، ابو زہرہ، المراغی، ابن عاشور، عبد الحلیم محمود، الألبانی، علی الطنطاوی، ابن عثیمین، القرضاوی، علی جمعۃ کے افکار و نظریات بھی زیر بحث لاتے ہیں، حتیٰ کہ اپنے ہم عصر نصر حامدابو زید ، ارکون، شحرور وغیرہ کی تحریروں کی طرف بھی متوجہ ہوتے ہیں۔ براؤن اسلامی فکری ورثے کی وسیع پیمانے میں منتقلی کو بیان کرتے ہوئے صرف تاریخی اور تنقیدی تجزیہ تک ہی محدود نہیں رہتے، بلکہ اسلامی روایت کی متعدد جہتوں، اس کی خصوصیات اور تشکیل کی شرائط کا جائزہ بھی لیتے ہیں۔ اس کتاب میں ہمیں جہاں علمائے اصول مثلا الجوینی اور الغزالی کا تذکرہ ملتا ہے، وہیں البیہقی اور الدارقطنی جیسے محدثین، الاشعری جیسے متکلمین، ابن سینا اور ابن رشد جیسے فلاسفہ، تقلیدی اور غیر تقلیدی مذاہب، صوفیہ جیسے ابن عربی، شعرانی اور نبہانی، شیعہ علما، پاکستان سے تعلق رکھنے والے اہل قرآن، جدت پسند مفکرین جیسے فضل الرحمن اور مصر سے تعلق رکھنے والے متشککین جیسے ابوریہ وغیرہ کے نظریات بھی ملتے ہیں۔

16– Brown, J. A. C.. "How We Know Early Hadīth Critics Did Matn Criticism and Why It's So Hard to Find". *Islamic Law and Society*, *15*(2), (2008) 154-162 .

## نتائج

اس مقالے میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں حدیث میں مہارت حاصل کرنے والے ممتاز مغربی مسلمان اسکالر پر گفت گو کی گئی ہے تا کہ اسلامی علوم میں بالعموم اور حدیث کے مطالعے میں بالخصوص ان کی تحقیق کے طریقۂ کار کی نمایاں خصوصیات کی نشا ن دہی ہو سکے۔ یہ بات بہت واضح ہے کہ مغربی مسلم اسکالرز کی طرف سے اسلام اور حدیث کی حیثیت اور شناخت کے دفاع کے لیے کوششیں کرنا اتنا آسان نہیں ہے حدیث اور علوم حدیث کے لیے جوناتھن براؤن کی مغربی دنیا میں قابل قدر خدمات ہیں۔ انھوں نے مستشرقین کے حدیث کے متعلق مختلف نظریات کا تنقیدی جائزہ لیا ہے، ان کی تحقیقات معلومات سے بھرپور، اپنے موضوعات کی تمام جہتوں کا احاطہ کیے ہوئے اور باضابطہ ترتیب کے ساتھ کسی منطقی نتیجے کو لیے ہوئے ہوتی ہے۔

## سفارشات

حالیہ برسوں میں مغربی عوام کی اسلام اور مسلم معاشروں میں دل چسپی بڑھی ہے حدیث کے مواد کے معتبر ہونے پر جدید مغربی مفکرین اپنے پیش روؤں کے دلائل اور کاموں کا تنقیدی مطالعہ کر کے اس نتیجے پر پہنچ رہے ہیں کہ احادیث کی تاریخیت کے بارے میں اگناز گولڈزیہر اور جوزف شاخت کا تشکیک پسندانہ رویہ درست نہیں؛جب کہ حدیث کی ابتدا اور اس کے اسناد نظام کے بارے میں مسلم روایتی نظریے کی اہمیت سے انکار ناممکن ہے۔

۱- براؤن کے انداز سے کام کرنے والے دوسرے مغربی مفکرین کا اسلام اور حدیث کے حوالے کام کا جائزہ لیا جائے۔

۲- براؤن کی کتابوں کا اردو زبان میں ترجمہ کیا جاسکتا ہے۔

۳- مغربی یونی ورسٹیوں میں حدیث اور علوم حدیث پر حالیہ ہونے والی تحقیق کا جائزہ لیا جائے۔

۴- مشرقی اور مغربی علماے حدیث کے مناہج کا تقابلی مطالعہ کیا جائے۔

۵- جدید مغربی مفکرین کے مطالعۂ حدیث کے رجحانات کا جائزہ لیا جائے۔

# List of Sources in Roman Script


- al Makki, Mohammad bin Ali bin Atiya, *Qoot al Quloob*, Beirut: Darulkutub al Ilmiya, 2005.
- Brown, Jonathan Andrew Cleveland, *Even If It's Not True It's True: Using Unreliable Hadiths in Sunni Islam*, BRILL: Islamic Law and Society, 18:1 (2011).
- Brown, Jonathan Andrew Cleveland, *Hadith: Muhammad's Legacy in the Medieval and Modern World*, Oxford: The Claredndon Press, 2009.
- Brown, Jonathan Andrew Cleveland, "How We Know Early Ḥadīth Critics Did Matn Criticism and Why It's So Hard to Find," *Islamic Law and Society*, Brill, 15:2 (2008).
- Brown, Jonathan Andrew Cleveland, *Misquoting Muhammad: The Challenge and Choices of Interpreting the Prophet's Legacy*, London: Oneworld Publications, 2014.
- Brown, Jonathan Andrew Cleveland, "The Canonization of Ibn Mâjah Authenticity vs. Utility in the Formation of the Sunni Ḥadîth Canon," Revue des mondes musulmans et de la Méditerranée, 129:1 (2011).
- Goldziher, Ignaz, *Muslim Studies*, Chicago: Aldine Atherton SUNY Press, 1971.
- Schacht, Joseph, *The origins of Muhammadan jurisprudence*, Oxford: The Clarendon Press, 1950.